## سوال

(531)ایک لڑکی زبردستی کسی لڑکے سے شادی کرنا چاہتی ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک لڑکی کسی لڑکے سے شادی کرنا چاہتی ہے جبکہ والدین خوش نہیں ہیں وہ کسی اور دیندار لڑکے سے اس کی شادی کرنا چاہتے ہیں لڑکی زبردستی اپنے ماں باپ کو منوالیتی ہے ، ایسی صورت میں یہ نکاح درست ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جوامور نکاح کےلیے ضروری ہیں اوران کے بغیر نکاح نہیں ہوتا ان میں مندرجہ ذیل دوامر بھی شامل ہیں :

1 لڑکی کے ولی کی بقائمئ ہوش وحواس بلاجبر واکراہ اجازت ورضاچنانچہ اس کے اثبات کےلیے صحیح بخاری ، صحیح مسلم اوردیگر کتب میں احادیث موجود ہیں۔

2 لڑکی کی بقائمئ ہوش وحواس بلاجبر واکراہ اجازت ورضا، چنانچہ اس کے اثبات میں بھی صحاح ستہ اوردیگر کتب میں احادیث بکثرت پائی جاتی ہیں۔ ۲۳ ۴ ۱۴۲۲ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

**جلد02ص460**